لا حول ولا قوة الا بالله

# آمدنامہ مترجم

معروف بہ

# صفوۃ المصادر

مع قواعد مختصر

ناشر

سراج پبلیکیشنز

۴۲۲ مٹیا محل، جامع مسجد دہلی ۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امّابعد. آدمی کے منھ سے جو بولی نکلتی ہے اس کو لفظ کہتے ہیں۔ اگر اس کے معنی ہوں تو **موضوع** کہتے ہیں جیسے کتاب۔ اور اگر اس کے معنی نہ ہوں تو اس کو **مہمل** کہتے ہیں جیسے اتاب۔ ایسے معنی دار لفظ کو جس کے ٹکڑے کرنے سے معنی سمجھ میں نہ آئیں **کلمہ** کہتے ہیں۔ کلمہ کی تین۳ قسمیں ہیں۔ اسم۱ فعل۲ حرف۳۔

**اسم**۔ وہ کلمہ ہے جس کے معنی بغیر دوسرے کلمہ کے ملائے سمجھ میں آجائیں اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔ جیسے گل۔ برادر۔

**فعل**۔ وہ کلمہ ہے جس کے معنی بغیر دوسرے کلمہ کے ملائے سمجھے جائیں اور اسمیں تین زمانوں ماضی، حال، مستقبل میں سے کوئی ایک زمانہ بھی پایا جائے جیسے آمد (وہ آیا) رود (وہ جاتا ہے یا جائے گا) ماضی گزرے ہوئے زمانہ کو کہتے ہیں۔ حال زمانہ موجودہ کو کہتے ہیں مستقبل آنے والے زمانہ کو کہتے ہیں۔

**حرف** وہ کلمہ ہے جس کے معنی بغیر دوسرے کلمہ کے ملائے نہ سمجھے جائیں۔ جیسے از (سے) را (کو)

بناوٹ کے اعتبار سے اسم تین۳ طرح کے ہوتے ہیں۔ جامد۔ مصدر۔ مشتق۔

**جامد**۔ وہ اسم ہے جس سے کوئی کلمہ نہ نکلے اور نہ وہ کسی کلمہ سے نکالا جائے۔ جیسے گل۔ قلم۔

**مصدر**۔ وہ اسم ہے جو کسی شئے کے ہونے یا نہ ہونے کو بتلائے اور اس سے اسم مشتق اور فعل بنائے جائیں۔ مصدر کی پہچان یہ ہے کہ فارسی میں اس کے آخر میں دن یا تن ہوتا ہے اور اردو میں اس کے آخر میں (نا) ہوتا ہے جیسے کردن (کرنا) گفتن (کہنا)

**مشتق** وہ اسم ہے جو مصدر سے بنایا گیا ہو جیسے آمیختن (ملانا) آمیزش (ملاوٹ)

جاننا چاہئے کہ فعل کے لئے فاعل یعنی کرنے والا ضروری ہے تو اگر فعل صرف فاعل



کو چاہے اور بات پوری ہو جائے تو **فعل لازم** کہتے ہیں جیسے زید آمد (زید آیا) اور اگر فاعل کے سوا مفعول کا بھی محتاج رہے تو **فعل متعدی** ہے۔ جیسے زید کشت (زید نے مارا) تو یہ بات باقی رہ گئی کہ کس کو مارا جس کو مارا گیا وہی مفعول کہلائے گا، یعنی جس پر بات پوری ہو۔ اب یوں کہا جائیگا کہ زید خالد را کشت (زید نے خالد کو مارا) زید فاعل۔ خالد مفعول۔ اور کشت فعل ہوا۔ اگر فعل متعدی کی نسبت فاعل کی طرف ہو تو وہ فعل معروف ہوگا۔ جیسے زید خالد را کشت (زید نے خالد کو مارا) اور اگر مفعول کی طرف ہو تو اس کو فعل مجہول کہتے ہیں۔ یعنی اس کے فاعل کے بارے میں معلوم نہیں ہوتا کہ کون ہے۔ جیسے زید کشتہ شد (زید مارا گیا)

**فعل** کی چھ۶ قسمیں ہیں۔ ماضی۱۔ مضارع۲۔ حال۳۔ مستقبل۴۔ امر۵۔ نہی۶

پہلی چاروں قسموں کی دو۲ دو۲ قسمیں ہوتی ہیں۔ ایک وہ فعل جس سے کسی بات کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے جیسے گفت (اس نے کہا) اسکو فعل مثبت کہتے ہیں۔ دوسرے وہ جس سے کسی بات کا نہ ہونا معلوم ہو جیسے نگفت (اس نے نہیں کہا) اس کو فعل منفی کہتے ہیں۔

**ماضی** وہ فعل ہے جس سے زمانہ گزشتہ سمجھا جائے۔ ماضی چھ ہیں۔ مطلق۱۔ قریب۲۔ بعید۳۔ شکیہ۴۔ استمراری۵۔ تمنائی۶۔

**ماضی مطلق**۔ وہ ہے جس سے صرف یہ معلوم ہو کہ گزرے ہوئے زمانہ میں کوئی بات ہوئی یہ نہ معلوم ہو کہ ابھی ہوئی یا کب ہوئی۔ اس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مصدر کا نون اور اس کے پہلے حرف کی حرکت دور کردی جائے تو ماضی مطلق کا صیغہ واحد غائب بن جائیگا۔ بقیہ پانچ صیغے اسی میں پانچوں صیغوں کی ضمیر لگا کر بنائے جائیں گے جیسے گفتن کا نون گرادو۔ باقی رہا گفتَ۔ ت کا زبر دور کردو، تو رہ گیا گفت۔ اسی طرح دوسرے صیغے بناؤ۔

پانچ صیغوں کی ضمیریں یہ ہیں: ند۔ ی۔ ید۔ م۔ یم

**ماضی قریب** وہ جو ابھی گزرا ہو۔ **قاعدہ**۔ ماضی مطلق صیغہ واحد غائب کے آخر ہ اور است یا ہست بڑھا کر صیغہ واحد غائب ماضی قریب بناؤ اور باقی صیغوں میں ہی ضمیریں جس پر الف زیادہ ہو بڑھادو جیسے گفتن سے گفتہ است (اس نے کہا ہے)

**ماضی بعید** - وہ جسے گزرے ہوئے عرصہ ہوا ہو۔ ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب کے آخر ہ اور بود زیادہ کر دو۔ ماضی بعید کا صیغہ واحد غائب بن جائیگا۔ اسی طرح بقیہ صیغے بناؤ۔ **ماضی شکیہ** - (احتمالی) وہ ہے جس سے زمانہ گزشتہ میں کام کے ہونے یا نہ ہونے میں شک سمجھا جائے۔ ماضی مطلق کے آخر ہ اور باشد بڑھاؤ اس کا صیغہ واحد غائب بنے گا۔ باقی صیغے اسی طرح بناؤ۔ **ماضی ناتمام** (استمراری) وہ ہے جس سے زمانہ گزشتہ میں فعل کا لگاتار ہوتا یا کام کا ختم نہ ہونا سمجھا جائے۔ ماضی مطلق کے صیغوں پر می یا ہمی زیادہ کرنے سے اس کے تمام صیغے بنتے ہیں جیسے می گفت (کہتا تھا یا کہہ رہا تھا) **ماضی تمنائی** (شرطیہ) جس سے زمانہ گزشتہ میں کام کرنے کی آرزو یا شرط سمجھی جائے اور وہ ماضی مطلق کے تین صیغوں یعنی واحد غائب جمع غائب اور واحد متکلم کے آخر یائے مجہول (بڑی ے) بڑھانے سے بن جاتی ہے۔ جیسے گفتے (وہ کہتا) گفتندے (وہ سب کہتے) گفتمے (میں کہتا)

**مضارع** وہ فعل ہے جس میں زمانہ موجودہ یا آئندہ دونوں پایا جائے۔ مضارع کی دو قسمیں ہیں۔ مضارع مطلق اور مضارع دوامی علامت مصدر ن کو گرا کر دال ساکن آخر میں بڑھا دو اور دال کے پہلے حرف کو فتحہ (زبر) دو مضارع بن جائے گا جیسے یَرد ردن سے بَرد (پاتا ہے یا پائے گا یا پائے) مضارع بننے کے لئے ضروری ہے کہ قبل علامت مصدر گیارہ حروف جن کا مجموعہ "شرف آموزی سخن" کہلاتا ہے، ان میں سے کوئی حرف موجود ہو۔ اور مضارع بناتے وقت ان حرفوں میں چار طرح الٹ پھیر ہوتا ہے۔ کسی حرف کو ایک یا دو حرف سے بدل دینا جیسے نوشتن کا مضارع نویسد ہوا ش کو س سے بدلا گیا۔ کسی حرف کو گرا دینا۔ جیسے کشیدن میں علامت مصدر الگ کرنے کے بعد کشی باقی رہا۔ ی گرانے کے بعد علامات مضارع سے د لگاؤ، کشد ہو گیا۔ کوئی حرف زیادہ کر دیا جائے جیسے زدن کہ علامت مصدر الگ کرنے پر صرف ز باقی رہا۔ اب ز کے بعد ن بڑھاؤ پھر علامت مضارع د لگاؤ۔ زند ہوا۔ ساکن حرف کو متحرک بنایا جائے جیسے کشتن۔ علامت مصدر الگ کرنے پر کش رہا۔ ش کو زبر دیکر د علامت مضارع بڑھاؤ۔ کشد ہوا **مضارع دوامی** ماضی شکیہ کے پہلے می یا ہمی بڑھانے سے بنتا ہے جیسے گفتہ باشد سے می گفتہ باشد۔ یا ہمی گفتہ باشد۔



(کہتا رہتا ہے۔ کرتا رہے گا) **حال** وہ فعل ہے جس سے زمانہ موجودہ سمجھا جائے۔ اس کے صیغے مضارع مطلق پر می یا ہمی بڑھانے سے بنتے ہیں جیسے می گوید (وہ کہتا ہے) می گویند (وہ کہتے ہیں) **مستقبل** وہ فعل ہے جس سے زمانہ آئندہ سمجھا جائے۔ ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب پر خواہد کے چھ صیغے (خواہد۔ خواہند۔ خواہی۔ خواہید۔ خواہم۔ خواہیم) زیادہ کرنے سے مستقبل کے صیغے بن جاتے ہیں جیسے خواہد گفت (وہ کہیگا) خواہم گفت (میں کہونگا) **امر** وہ فعل ہے کہ جسمیں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے۔ مضارع کے صیغہ واحد حاضر سے ی دور کرکے امر کا صیغہ واحد حاضر بن جاتا ہے جیسے گوئی سے گوے (تو کہہ) اسی میں ضمیر جمع حاضر لانے سے جمع حاضر کا صیغہ بن جاتا ہے جیسے گوئید (تم سب کہو) امر غائب اور امر متکلم کا صیغہ علیحدہ نہیں ہوتا، بلکہ مضارع کے صیغوں پر حرف با بڑھا دیتے ہیں جیسے بگوید (وہ کہے) **نہی** وہ فعل ہے جس میں کام کے نہ کرنے کا حکم دیا جائے۔ امر حاضر پر میم بڑھا دینے سے نہی حاضر بنتا ہے جیسے مگو (مت کہہ) مگوئید (مت کہو) اور امر غائب و متکلم پر نون زیادہ کرنے سے نہی کے غائب اور متکلم کے صیغے بنتے ہیں جیسے نہ گوید (وہ نہیں کہے) نگویم (میں نہیں کہوں)

فعل مجہول کس کو کہتے ہیں یہ اوپر بتایا جاچکا۔ اس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ جس فعل کا مجہول بنانا ہو وہی فعل مصدر شدن سے بنایا جائے اور ماضی مطلق کے آخر (ہ) بڑھا کر اس کے بعد زیادہ کریں۔ جیسے ماضی مطلق کا فعل مجہول بنانا ہو تو شدن سے ماضی مطلق شد بنایا اور گفتن کے ماضی مطلق گفت کے آگے (ہ) بڑھا کر گفتہ بنایا اور اس کے بعد شد بڑھا دیا۔ گفتہ شد (کہا گیا) اسی طرح ماضی قریب کے لئے شدہ است کے صیغے، بعید کے لئے شدہ بود، شکیہ کیلئے شدہ باشد، ناتمام کے لئے می شد، تمنائی کے لئے شدے، مضارع کے لئے شود، حال کے لئے می شود، مستقبل کے لئے خواہد شد، امر کے لئے شو اور نہی کے لئے مشو کے صیغے بڑھا کر مجہول بنایا جائیگا۔ **اسم فاعل** وہ اسم مشتق ہے جس سے ایسی ذات سمجھی جائے جس کے ساتھ فعل قائم ہے جیسے گوئندہ (کہنے والا) کہنے کا فعل کہنے والے کے ساتھ قائم ہے۔ اس کی دو ۲ قسمیں ہیں۔ قیاسی۔ سماعی۔ اسم فاعل قیاسی امر حاضر کے آخر ندہ لگانے سے بنتا ہے جیسے گوئندہ۔ اسم فاعل سماعی (اس کو اسم فاعل ترکیبی بھی کہتے ہیں) کئی طرح سے بنتا ہے مثلاً امر حاضر کے آخر

الف بڑھانے سے جیسے دانا (جاننے والا) گویا (بولنے والا) آمر یا ماضی مطلق کے آخر گار بڑھانے سے جیسے آمرزگار (بخشنے والا) پروردگار (پالنے والا) **اسم مفعول** وہ اسم مشتق ہے جو ایسی ذات کو بتلائے جس پر فعل واقع ہو۔ اس کی بھی دو قسمیں ہیں۔ اسم مفعول قیاسی ماضی مطلق پر (ہ) بڑھانے سے بنتا ہے جیسے گفتہ (کہا ہوا) سماعی امر حاضر پر الف لگانے سے یا اس کے قبل کوئی اسم لانے سے، یا اس کے آخر الف نون زیادہ کرنے سے جیسے پذیرا (قبول کیا ہوا) دل پسند (دل سے پسند کیا ہوا) بریاں، بھونا ہوا
اسم فاعل کی جمع گان یا ہا بڑھاکر بناتے ہیں جیسے آیندہ سے آیندگان۔ آیندہا۔
اسم مفعول کی جمع بنانی ہو تو اسی طرح بناتے ہیں جیسے رفتہ سے رفتگان۔

**حاصل مصدر** وہ اسم مشتق ہے جس سے مصدر کی کیفیت یا اثر سمجھا جائے جیسے سوختن (جلنا) سے سوزش (جلن) اس کے بنانے کے بیشمار قاعدے ہیں۔ اسی لئے ہر مصدر کا حاصل مصدر لکھ دیا گیا ہے۔ چند قاعدے یہ ہیں: صرف ماضی مطلق جیسے آوردن کا آورد۔ امر حاضر اور ماضی ملاکر جیسے گفتگو۔ گفت ماضی مطلق۔ گو امر حاضر۔ امر حاضر پر اک بڑھاکر جیسے خوردن سے خوراک صرف امر حاضر جیسے آزردن سے آزار
تمام فعل منفی کے صیغے اسی طرح ہوں گے جیسے مثبت کے صیغے ہوتے ہیں صرف فعل کے پہلے حرف نون بڑھادیا جائے گا جیسے نگفت (اس نے نہیں کہا)۔

**طریق تعدیہ** مصدر لازم کو متعدی بنانا ہو یا مصدر متعدی کو ایسا متعدی بنانا ہو جس میں دو مفعول کی ضرورت ہوتی ہے تو صیغہ امر کے آخر میں انیدن بڑھائیں گے جیسے پریدن (اڑنا) سے پرانیدن (اڑانا) پرہیزیدن (پرہیز کرنا) سے پرہیزانیدن (پرہیز کرانا)

نوٹ: صرف کبیر میں ہر فعل کے تمام صیغے بتادئے گئے ہیں۔ قاعدہ تم کو اوپر بتادیا گیا ہے۔ اسی قاعدہ پر صرف صغیر کے مصدر سے دوسرے فعل اور صیغے بنا سکتے ہو اور قاعدے کے مطابق معنی سمجھ سکتے ہو۔ صرف اسم فاعل سماعی جو ترکیبی ہے اس کے معنی ہر صفحے پر لکھ دئے گئے ہیں۔ بقیہ اسم فاعل کے معنی والا لگاکر بتلائے جائیں گے۔



# باب الالف

| مصدر لازم | آمدن<br>آنا | صرف کبیر | حاصل مصدر | آمد<br>ادائی |
|---|---|---|---|---|

| اسمائے مشتقات | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ماضی مطلق | آمد<br>وہ آیا | آمدند<br>وہ سب آئے | آمدی<br>تو آیا | آمدید<br>تم سب آئے | آمدم<br>میں آیا | آمدیم<br>ہم سب آئے |
| ماضی قریب | آمدہ است<br>وہ آیا ہے | آمدہ اند<br>وہ سب آئے ہیں | آمدہ<br>تو آیا ہے | آمدہ اید<br>تم سب آئے ہو | آمدہ ام<br>میں آیا ہوں | آمدہ ایم<br>ہم سب آئے ہیں |
| ماضی بعید | آمدہ بود<br>وہ آیا تھا | آمدہ بودند<br>وہ سب آئے تھے | آمدہ بودی<br>تو آیا تھا | آمدہ بودید<br>تم سب آئے تھے | آمدہ بودم<br>میں آیا تھا | آمدہ بو[illegible]<br>ہم سب آئے تھے |
| ماضی ناتمام | می آمد<br>وہ آتا تھا | می آمدند<br>وہ سب آتے تھے | می آمدی<br>تو آتا تھا | می آمدید<br>تم سب آتے تھے | می آمدم<br>میں آتا تھا | می آمدیم<br>ہم سب آتے تھے |
| ماضی احتمالی | آمدہ باشد<br>وہ آیا ہوگا | آمدہ باشند<br>وہ سب آئے ہونگے | آمدہ باشی<br>تو آیا ہوگا | آمدہ باشید<br>تم سب آئے ہوگے | آمدہ باشم<br>میں آیا ہونگا | آمدہ باشیم<br>ہم سب آئے ہونگے |
| ماضی تمنائی | آمدے<br>وہ آتا | آمدندے<br>وہ سب آتے | | | آمدمے<br>میں آتا | |
| مضارع | آید<br>وہ آئے | آیند<br>وہ سب آئیں | آئی<br>تو آئے | آئید<br>تم سب آؤ | آیم<br>میں آؤں | آئیم<br>ہم سب آویں |
| حال | می آید<br>وہ آتا ہے | می آیند<br>وہ سب آتے ہیں | می آئی<br>تو آتا ہے | می آئید<br>تم سب آتے ہو | می آیم<br>میں آتا ہوں | می آئیم<br>ہم سب آتے ہیں |

| اسمائے مشتقات | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مستقبل | خواہد آمد<br>وہ آئے گا | خواہند آمد<br>وہ سب آئیں گے | خواہی آمد<br>تو آئے گا | خواہید آمد<br>تم سب آؤ گے | خواہم آمد<br>میں آؤں گا | خواہیم آمد<br>ہم سب آئیں گے |
| امر | | | بیا<br>تو آ | بیائید<br>تم سب آؤ | | |
| نہی | | | میا<br>تو مت آ | میائید<br>تم سب مت آؤ | | |
| اسم فاعل | آینده<br>آنے والا | آیندگان<br>آنے والے | | | | |

| مصدر متعدی | آوردن<br>لانا | صرف کبیر | حاصل مصدر | آورد<br>لوائی |
|---|---|---|---|---|

| افعال مشتقات | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ماضی مطلق معروف | آورد<br>وہ لایا | آوردند<br>وہ سب لائے | آوردی<br>تو لایا | آوردید<br>تم سب لائے | آوردم<br>میں لایا | آوردیم<br>ہم سب لائے |
| ماضی مطلق مجہول | آوردہ شد<br>وہ لایا گیا | آوردہ شدند<br>وہ سب لائے گئے | آوردہ شدی<br>تو لایا گیا | آوردہ شدید<br>تم سب لائے گئے | آوردہ شدم<br>میں لایا گیا | آوردہ شدیم<br>ہم سب لائے گئے |
| ماضی قریب معروف | آوردہ است<br>وہ لایا ہے | آوردہ اند<br>وہ سب لائے ہیں | آوردۂ<br>تو لایا ہے | آوردہ اید<br>تم سب لائے | آوردہ ام<br>میں لایا ہوں | آوردہ ایم<br>ہم سب لائے ہیں |



| افعال مشتقات | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ماضی قریب مجہول | آوردہ شدہ است<br>وہ لایا گیا ہے | آوردہ شدہ اند<br>وہ سب لائے گئے ہیں | آوردہ شدۂ<br>تو لایا گیا ہے | آوردہ شدہ اید<br>تم سب لائے گئے ہو | آوردہ شدہ ام<br>میں لایا گیا ہوں | آوردہ شدہ ایم<br>ہم سب لائے گئے ہیں |
| ماضی بعید معروف | آوردہ بود<br>وہ لایا تھا | آوردہ بودند<br>وہ سب لائے تھے | آوردہ بودی<br>تو لایا تھا | آوردہ بودید<br>تم سب لائے تھے | آوردہ بودم<br>میں لایا تھا | آوردہ بودیم<br>ہم سب لائے تھے |
| ماضی بعید مجہول | آوردہ شدہ بود<br>وہ لایا گیا تھا | آوردہ شدہ بودند<br>وہ سب لائے گئے تھے | آوردہ شدہ بودی<br>تو لایا گیا تھا | آوردہ شدہ بودید<br>تم سب لائے گئے تھے | آوردہ شدہ بودم<br>میں لایا گیا تھا | آوردہ شدہ بودیم<br>ہم سب لائے گئے تھے |
| ماضی ناتمام معروف | می آورد<br>وہ لاتا تھا | می آوردند<br>وہ سب لاتے تھے | می آوردی<br>تو لاتا تھا | می آوردید<br>تم سب لاتے تھے | می آوردم<br>میں لاتا تھا | می آوردیم<br>ہم سب لاتے تھے |
| ماضی ناتمام مجہول | آوردہ میشد<br>وہ لایا جاتا تھا | آوردہ میشدند<br>وہ سب لائے جاتے تھے | آوردہ میشدی<br>تو لایا جاتا تھا | آوردہ میشدید<br>تم سب لائے جاتے تھے | آوردہ میشدم<br>میں لایا جاتا تھا | آوردہ میشدیم<br>ہم سب لائے جاتے تھے |
| ماضی احتمالی معروف | آوردہ باشد<br>وہ لایا ہوگا | آوردہ باشند<br>وہ سب لائے ہونگے | آوردہ باشی<br>تو لایا ہوگا | آوردہ باشید<br>تم سب لائے ہونگے | آوردہ باشم<br>میں نے لایا ہوگا | آوردہ باشیم<br>ہم سب لائے ہونگے |
| ماضی احتمالی مجہول | آوردہ شدہ باشد<br>وہ لایا گیا ہوگا | آوردہ شدہ باشند<br>وہ سب لائے گئے ہونگے | آوردہ شدہ باشی<br>تو لایا گیا ہوگا | آوردہ شدہ باشید<br>تم سب لائے گئے ہونگے | آوردہ شدہ باشم<br>میں لایا گیا ہوں گا | آوردہ شدہ باشیم<br>ہم سب لائے گئے ہونگے |
| ماضی تمنائی معروف | آوردے<br>وہ لاتا | آوردندے<br>وہ سب لاتے | | | آوردمے<br>میں لاتا | |
| ماضی تمنائی مجہول | آوردہ شدے<br>وہ لایا جاتا | آوردہ شدندے<br>وہ سب لائے جاتے | | | آوردہ شدمے<br>میں لایا جاتا | |
| مضارع معروف | آورد<br>وہ لائے | آورند<br>وہ سب لائیں | آوری<br>تو لائے | آورید<br>تم سب لاؤ | آورم<br>میں لاؤں | آوریم<br>ہم سب لائیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مضارع مجہول | آوردہ شود<br>وہ لایا جائے | آوردہ شوند<br>وہ سب لائے جائیں | آوردہ شوی<br>تو لایا جائے | آوردہ شوید<br>تم سب لائے جاؤ | آوردہ شوم<br>میں لایا جاؤں | آوردہ شویم<br>ہم سب لائے جائیں |
| حال معروف | می آورد<br>وہ لاتا ہے | می آورند<br>وہ سب لاتے ہیں | می آوری<br>تو لاتا ہے | می آورید<br>تم سب لاتے ہو | می آورم<br>میں لاتا ہوں | می آوریم<br>ہم سب لاتے ہیں |
| حال مجہول | آوردہ میشود<br>وہ لایا جاتا ہے | آوردہ میشوند<br>وہ سب لائے جاتے ہیں | آوردہ میشوی<br>تو لایا جاتا ہے | آوردہ میشوید<br>تم سب لائے جاتے ہو | آوردہ میشوم<br>میں لایا جاتا ہوں | آوردہ میشویم<br>ہم سب لائے جاتے ہیں |
| مستقبل معروف | خواہد آورد<br>وہ لائے گا | خواہند آورد<br>وہ سب لائیں گے | خواہی آورد<br>تو لائے گا | خواہید آورد<br>تم سب لاؤ گے | خواہم آورد<br>میں لاؤں گا | خواہیم آورد<br>ہم سب لائیں گے |
| مستقبل مجہول | آوردہ خواہد شد<br>وہ لایا جائیگا | آوردہ خواہند شد<br>وہ سب لائے جائیں گے | آوردہ خواہی شد<br>تو لایا جائے گا | آوردہ خواہید شد<br>تم سب لائے جاؤ گے | آوردہ خواہم شد<br>میں لایا جاؤں گا | آوردہ خواہیم شد<br>ہم سب لائے جائیں گے |
| امر معروف | | | بیار<br>تو لا | بیارید<br>تم سب لاؤ | | |
| امر مجہول | | | بیاوردہ شو<br>تو لایا جا | بیاوردہ شوید<br>تم سب لائے جاؤ | | |
| نہی معروف | | | میار<br>تو مت لا | میارید<br>تم سب مت لاؤ | | |
| نہی مجہول | | | میاوردہ شو<br>تو نہ لایا جا | میاوردہ شوید<br>تم سب لائے جاؤ | | |
| [illegible] اسم فاعل | آورندہ<br>لانے والا | زورآور<br>زور کا لانیوالا | آورندگان<br>لانے والے | | آورندہا<br>لانے والے | |
| اسم مفعول | آوردہ<br>لایا ہوا | | آوردگان<br>لائے ہوئے | | آوردہا<br>لائے ہوئے | |



# صرف صغیر

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آختن | تلوار کھینچنا | | | آخت | | | | | آختہ |
| آراستن | سنوارنا | آرایش<br>سنوار زینت | | آراست | می آراید | بیارائے | آرایندہ | جہاں آرائے | آراستہ |
| آرامیدن | آرام کرنا<br>آرام دینا | آرام<br>آرامش | | آرامید | می آرامد | بیارام | آرامندہ | دل آرام | آرامیدہ |
| آرمیدن | آرام کرنا | | | آرمید | | | | | آرمیدہ |
| آروغیدن | ڈکار لینا | آروغ<br>ڈکار | | آروغید | می آروغد | بیاروغ | آروغندہ | | آروغیدہ |
| آزردن | ستانا<br>آزردہ ہونا | آزردگی<br>آزار<br>تکلیف | | آزرد | می آزارد | بیازار | آزارندہ | دل آزار | آزردہ |
| آزمودن | آزمانا | آزمایش<br>آزمانا | | آزمود | می آزماید | بیازمائے | آزمایندہ | کارآزما | آزمودہ |
| آسودن | آرام کرنا<br>آسودہ ہونا | آسودگی<br>آسایش<br>آرام | | آسود | می آساید | بیاسائے | آسایندہ | | آسودہ |
| آشامیدن | پینا | آشام | | آشامید | می آشامد | بیاشام | آشامندہ | دُرد آشام | آشامیدہ |

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آشفتن | پریشان کرنا، پریشان ہونا | آشوب، پریشانی | | آشفت | می آشوبد | بیاشوب | آشوبنده | شهر آشوب | آشفته |
| آغازیدن | شروع کرنا | آغاز، شروع | | آغازید | می آغازد | بیاغاز | آغازنده | | آغازیده |
| آغشتن | آلوده ہونا | | | آغشت | | | | | آغشته |
| آفریدن | پیدا کرنا، پیدا ہونا | آفرینش، پیدائش | | آفرید | می آفریند | بیافرین | آفریننده | جہاں آفرین | آفریده |
| آگاهیدن | خبردار ہونا، بتانا | آگاهی، خبر | | آگاهید | می آگاهد | بیاگاه | آگاهنده | خدا آگاه | آگاهیده |
| آگندن | بھرنا | | | آگند | | بیاگن | | | آگنده |
| آلائیدن | آلوده ہونا، آلوده کرنا | آلایش | | آلائید | می آلاید | بیالاے | آلاینده | | آلائیده |
| آلودن | آلوده ہونا، آلوده کرنا | آلودگی | | آلود | | | | | آلوده |
| آماسیدن | سوجنا | آماس، سوجن | | آماسید | می آماسد | | آماسنده | | آماسیده |
| آمرزیدن | بخشنا | آمرزش، بخشش | آمرزانیدن، بخشوانا | آمرزید | می آمرزد | بیامرز | آمرزنده | آمرزگار | آمرزیده |
| آموختن | سیکھنا، سکھانا | آموزش، سیکھنا | | آموخت | می آموزد | بیاموز | آموزنده | ادب آموز | آموخته |

شہر آشوب - شہر کو پریشان کرنے والا ۱۲ شہر کا ہنگامہ ۱۲ جہاں آفرین - دنیا کو پیدا کرنے والا ۱۲ خدا آگاه - خدا کو جاننے والا ۱۲ ادب آموز - ادب سکھانے والا ۱۲



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آمودن | بھرنا، سنوارنا | | | آمود | | | | | آموده |
| آمیختن | ملنا، ملانا | آمیزش، ملاوٹ | | آمیخت | می آمیزد | بیامیز | آمیزنده | مردم آمیز | آمیخته |
| آویختن | لٹکنا، لٹکانا | آویزش، لٹکاؤ | آویزانیدن، لٹکوانا | آویخت | می آویزد | بیاویز | آویزنده | دل آویز | آویخته |
| آهیختن | لٹکانا، تلوار کھینچنا | | | آهیخت | | | | | آهیخته |
| ارزیدن | قیمت پانا | ارزش، قیمت | | ارزید | می ارزد | بیرز | ارزنده | کم ارز | ارزیده |
| ایستادن، استادن | کھڑا ہونا | استادگی، کھڑا ہونا | | استاد | می استد | بایست | | | استاده |
| استردن | مونڈنا، صاف کرنا | | | استرد | | | استرنده | استره | سترده |
| اوفتادن، افتادن | گر پڑنا | افتادگی، گرا پڑا، افتاد | | افتاد | می افتد | بیفت | | افتان | افتاده |
| افراختن | بلند کرنا | | | افراخت | می افرازد | بیفراز | افرازنده | سرافراز | افراخته |
| افراشتن | بلند کرنا | | | افراشت | | | | | افراشته |
| افروختن | روشن کرنا | | افروزانیدن، روشن کروانا | افروخت | می افروزد | بیفروز | افروزنده | افروزان، عالم افروز | افروخته |

مردم آمیز - لوگوں سے ملنے والا ۱۲ دل آویز - دل کو لٹکانے والا ۱۲ (دل پسند) ۱۲ کم ارز - کم قیمت والا ۱۲ عالم افروز - دنیا کو روشن کرنے والا ۱۲

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | مصدر متعدی | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| افزودن | بڑھنا بڑھانا | افزایش افزودگی زیادتی | | افزود | می افزاید | بیفزای | افزاینده | روز افزوں نور افزا | افزوده |
| افسردن | ٹھٹھرنا | | | افسرد | می افسرد | | | | افسرده |
| افشاندن | جھاڑنا پچھوڑنا | افشان جھاڑنا | | افشاند | می افشاند | بیفشان | افشاننده | غلہ افشان | افشانده |
| افشردن | نچوڑنا | افشار نچوڑنا | افشرانیدن نچوڑوانا | افشرد | می افشارد | بیفشار | افشارنده | | افشرده |
| افگندن | ڈالنا | افگندگی ڈالنا | | افگند | می افگند | بیفگن | افگننده | شیر افگن | افگنده |
| انباردن | پاٹنا ڈھیر کرنا | | | انبارد | می انبارد | بینبار | انبارنده | | انبارده |
| انبودن | ایک دوسرے پر چننا | | | انبود | | | | | انبوده |
| انباشتن | پاٹنا ڈھیر کرنا | | | انباشت | | | | | انباشته |
| انجامیدن | تمام ہونا | انجام ختم نتیجہ | | انجامید | می انجامد | | انجامنده | | انجامیده |
| انداختن | ڈالنا پھینکنا | اندازه انداز | | انداخت | اندازد | | اندازنده | تیر انداز | انداخته |
| اندوختن | جمع کرنا | | اندوزانیدن جمع کروانا | اندوخت | می اندوزد | بیندوز | اندوزنده | غم اندوز | اندخته |

روز افزوں۔ روز بڑھنے والا ۱۲ تیر انداز۔ تیر چلانے والا ۱۲



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | مصدر متعدی | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اندودن | لیپنا ملمع کرنا | | | اندود | می اندابد | بیندای | انداینده | گل اندای | اندوده |
| اندیشیدن | سوچنا | اندیشه سوچ | | اندیشید | می اندیشد | بیندیش | اندیشنده | دور اندیش | اندیشیده |
| انگاردن | معلوم کرنا | | | انگارد | می انگارد | بینگار | انگارنده | | انگاریده |
| انگاشتن | معلوم کرنا | | | انگاشت | | | | | انگاشته |
| انگیختن | اٹھانا | انگیز انگیزش اٹھان | انگیزانیدن اٹھوانا | انگیخت | می انگیزد | بینگیز | انگیزنده | فتنہ انگیز | انگیخته |
| | | | | باب بائے موحدہ | | | | | |
| باختن | ہارنا کھیلنا | باخت ہار کھیل | | باخت | می بازد | بباز | بازنده | قمارباز | باخته |
| باریدن | برسنا برسانا | بارش " | | بارید | می بارد | ببار | بارنده | اشکبار باران | باریده |
| بازیدن | ہارنا کھیلنا | بازی ہار کھیل | | بازید | می بازد | بباز | بازنده | | بازیده |
| بافتن | بننا | بافت بناوٹ | | بافت | می بافد | بباف | بافنده | نور باف | بافته |
| بالیدن | زیادہ ہونا جسم کا بڑھنا | بالیدگی بالش بڑھاؤ | | بالید | می بالد | ببال | بالنده | | بالیده |

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| بالستن | ضروری ہونا چاہیے ہونا | | | بایست | می باید | | | | بایسته |
| بخشودن | بخشنا | بخشایش بخشش | | بخشود | می بخشاید | بخشاے | بخشاینده | | بخشوده |
| بخشیدن | بخشنا | بخشش | | بخشید | می بخشد | بخش | بخشنده | خطا بخش | بخشیده |
| برآمدن | باہر نکلنا حاصل ہونا بلند ہونا | برآمد حاصل باہر | | برآمد | برمی آید | برآے | برآینده | | برآمده |
| برآوردن | باہر لانا | | | برآورد | برمی آورد | برآور | برآورنده | | برآورده |
| برداشتن | اٹھانا | | | برداشت | برمیدارد | بردار | بردارنده | غلط بردار | برداشته |
| بردن | لے جانا | | | برد | می برد | ببر | برنده | نامہ بر | برده |
| برشتن | بھوننا | | بریانیدن بھنوانا | برشت | | | | | برشته نیم برشت بریان |
| برگشتن | پھرنا | برگشتگی پھیر | | برگشت | برمیگردد | برگرد | | | برگشته |
| بریدن | | برش کاٹ | | برید | می برد | ببر | برنده | کیسه بر بران | بریده |
| بستن | باندھنا | بندوبست بندش | | بست | می بندد | بہ بند | | شکسته بند | بسته |



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| بودن | ہونا رہنا | بود رہن سہن | | بود | می باشد | بباش | باشنده | خوش باش | بوده |
| بوسیدن | بوسیدہ ہونا چومنا | بوسیدگی | | بوسید | می بوسد | ببوس | بوسنده | زمین بوس | بوسیده |
| بیختن | چھاننا | | بیزانیدن چھنوانا | بیخت | می بیزد | بہ بیز | بیزنده | | بیخته پارچہ بیز |
| بوئیدن | سونگھنا بو دینا | | بویانیدن سونگھوانا | بوئید | می بوید | ببوے | بوینده | بویا | بوئیده |
| **باب باے فارسی** | | | | | | | | | |
| پاریدن | ٹکڑے ٹکڑے کرنا | | | پارید | | | | | پاریده |
| پاشیدن | بکھرنا چھڑکنا | | | پاشید | می پاشد | بپاش | پاشنده | پاشان گہرپاش | پاشیده |
| پالودن | صاف کرنا | پالایش صفائی | | پالود | می پالد | بپالاے | پالاینده | | پالوده |
| پائیدن | ٹھہرنا | پایندگی ٹھہراؤ | | پائید | می پاید | بپاے | پاینده | دیرپاے | پائیده |
| پختن | پکانا | پزش پکانا | پزانیدن پکوانا | پخت | می پزد | بپز | پزنده | نان پز | پخته |
| پذیرفتن | قبول کرنا | پذیرائی قبولیت | | پذیرفت | می پذیرد | بپذیر | پذیرنده | پذیرا پوزش پذیر | پذیرفته |

پوزش پذیر: عذر قبول کرنے والا ۱۲

خطا بخش: قصور بخشنے والا ۱۲ [illegible]

[illegible]

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیه | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرداختن | خالی کرنا، مشغول ہونا، سنوارنا | | | پرداخت | می پردازد | بپرداز | پردازنده | چہرہ پرداز | پرداختہ |
| پرستیدن | پوجنا | پرستش پوجا | | پرستید | می پرستد | بپرست | پرستنده | بت پرست | پرستیده |
| پرسیدن | پوچھنا | پرسش پوچھ گچھ | | پرسید | می پرسد | بپرس | پرسنده | پرسان | پرسیده |
| پروردن | پالنا | پرورش پال پوس | پرورانیدن پرورش کرنا | پرورد | می پرورد | بپرور | پرورنده | پروردگار | پرورده |
| | | | | | | | | | |
| پرہیزیدن | پرہیز کرنا | پرہیز | پرہیزانیدن | پرہیزید | می پرہیزد | بپرہیز | پرہیزنده | | پرہیزیده |
| پریدن | اڑنا | پرواز اڑان | پرانیدن اڑانا | پرید | می پرد | بپر | پرنده | پران | پریده |
| پُریدن | بھرنا | | | پُرید | می پُرد | بپُر | | | پُریده |
| پژمردن | کمھلانا | | | پژمرد | | | | | پژمرده |
| پژوہیدن | فکر کرنا | پژوہش فکر | | پژوہید | می پژوہد | بپژوہ | پژوہنده | حق پژوه | پژوہیده |
| پسندیدن | پسند کرنا | پسند | | پسندید | می پسندد | بپسند | پسندنده | مشکل پسند | پسندیده |

چہرہ پرداز- چہرہ کو سنوارنے والا ۱۲ بت پرست- بت کو پوجنے والا ۱۲ پروردگار- پالنے والا ۱۲ پران- اڑنے والا ۱۲ حق پژوہ- حق کو ڈھونڈنے والا ۱۲ مشکل پسند- مشکل کو پسند کرنے والا ۱۲



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیه | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پنداشتن | معلوم کرنا | پندار واقفیت | | پنداشت | می پندارد | بپندار | پندارنده | | پنداشته |
| پوشیدن | پہننا، چھپانا | پوشش پہناوا، چھپاؤ | پوشانیدن پہنانا، چھپوانا | پوشید | می پوشد | بپوش | پوشنده | خطا پوش | پوشیده |
| پوئیدن | دوڑنا | پویا دوڑ | پویانیدن دوڑانا | پوئید | می پوید | بپوے | پوینده | پویان | پوئیده |
| پیچیدن | لپیٹنا، پیچنا | پیچش پیچ، لپیٹ | پیچانیدن لپٹوانا | پیچید | می پیچد | بپیچ | پیچنده | سرپیچ پیچان | پیچیده |
| پیراستن | چھانٹنا | پیرایش چھانٹ | | پیراست | می پیراید | بپیراے | پیراینده | باغ پیرا | پیراسته |
| پیمودن | ناپنا | پیمایش ناپ | | پیمود | می پیماید | بپیماے | پیماینده | بادپیما | پیموده |
| پیوستن | ملنا، ملانا | پیوند ملان | | پیوست | می پیوندد | بپیوند | | | پیوسته |
| **باب تاے فوقانی** | | | | | | | | | |
| تاختن | دوڑنا، دوڑانا | تازش ترکتاز، دوڑ | | تاخت | می تازد | بتاز | تازنده | یکہ تاز | تاخته |
| تافتن | چمکنا، بٹنا | تابش چمک، تاب | | تافت | می تابد | بتاب | تابنده | تابان عالمتاب | تافته |
| تپیدن | تڑپنا | تپش تڑپ | تپانیدن تڑپانا | تپید | می تپد | بتپ | تپنده | تپان | تپیده |

خطا پوش- قصور کو چھپانے والا ۱۲ سرپیچ- سر لپیٹنے والا ۱۲ (طرہ) باغ پیرا- باغ کو چھانٹنے والا ۱۲ بادپیما- ہوا کو ناپنے والا ۱۲ یکہ تاز- بے مثل دوڑنے والا ۱۲ (بہادر شہسوار) ۱۲

عالمتاب- دنیا کو چمکانے والا ۱۲

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل | اسم حالیہ | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تراشیدن | چھیلنا کاٹنا | تراش چھیلن کاٹ چھانٹ | | تراشید | می تراشد | بتراش | تراشندہ | تراشان | تراشیدہ |
| تراویدن | ٹپکنا | تراوش ٹپک | | تراوید | می تراود | | تراوندہ | | تراویدہ |
| ترسیدن | ڈرنا | ترس ڈر | ترسانیدن ڈرانا | ترسید | می ترسد | بترس | ترسندہ | ترسان خداترس | ترسیدہ |
| ترکیدن | شق ہونا | | | ترکید | می ترکد | | ترکندہ | | ترکیدہ |
| تفتن | گرم ہونا | | | تفت | | | | | تفتہ |
| تفسیدن | گرم ہونا | | | تفسید | می تفسد | | تفسندہ | تفسان | تفسیدہ |
| تنیدن | تننا | | | تنید | می تند | بتن | تنندہ | | تنیدہ |
| توانستن | سکنا | | | توانست | می تواند | | توانندہ | توانا | توانستہ |
| **باب جیم عربی** | | | | | | | | | |
| جستن | کودنا | جست کود | جہانیدن کودوانا | جست | می جہد | بجہ | جہندہ | جہان | جستہ |
| جُستن | ڈھونڈنا | جویائے جستجو | جویانیدن ڈھونڈوانا | جُست | می جوید | بجو | جویندہ | جویان | جُستہ |

تراشان۔ کاٹنے والا ۱۲ خداترس۔ خدا سے ڈرنے والا ۱۲



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل | اسم حالیہ | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنبیدن | ہلنا | جنبش حرکت، ہلنا | جنبانیدن ہلانا | جنبید | می جنبد | بجنب | جنبندہ | جنبان | جنبیدہ |
| جوشیدن | اُبلنا | | جوشانیدن اُبلانا | جوشید | می جوشد | بجوش | جوشندہ | جوشان | جوشیدہ |
| **باب جیم فارسی** | | | | | | | | | |
| چربیدن | غالب ہونا | | | چربید | می چربد | بچرب | چربندہ | | چربیدہ |
| چریدن | چرنا | چرا چرائی | چرانیدن چرانا | چرید | می چرد | بچر | چرندہ | | چریدہ |
| چسپیدن | لپٹنا | چسپیدگی لپیٹ | چسپانیدن لپٹوانا | چسپید | می چسپد | بچسپ | چسپندہ | چسپان دلچسپ | چسپیدہ |
| چشیدن | چکھنا | چاشنی چکھنا | چشانیدن چکھانا | چشید | می چشد | بچش | چشندہ | نمک چش | چشیدہ |
| چکیدن | ٹپکنا | چکش ٹپک | چکانیدن ٹپکانا | چکید | می چکد | بچک | چکندہ | خونچکان | چکیدہ |
| چمیدن | لچکنا | چمش لچک | چمانیدن لچکانا | چمید | می چمد | بچم | چمندہ | چمان | چمیدہ |
| چیدن | چننا | | | چید | می چیند | بچین | چینندہ | خوشہ چین | چیدہ |

دلچسپ۔ دل کو لپیٹنے والا ۱۲ نمک چش۔ نمک چکھنے والا ۱۲ ۔ خون چکاں۔ خون ٹپکنے والا ۱۲
خوشہ چیں۔ خوشہ (گچھا) چننے والا ۱۲

## باب خاے معجمہ

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | ظرف تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خاریدن | کھجلانا | خارش کھجلی کھجلانا | | خارید | می خارد | بخار | خارنده | پشت خار | خاریده |
| خاستن | اٹھنا | | | خاست | می خیزد | بخیز | خیزنده | سحرخیز | خاسته |
| خائیدن | چبانا | | | خائید | می خاید | بخای | خاینده | ژاژخای | خائیده |
| خراشیدن | چھیلنا | خراش چھلائی | | خراشید | می خراشد | بخراش | خراشنده | سمع خراش | خراشیده |
| خرامیدن | اکڑ کر چلنا | خرام نزاکت کی چال | | خرامید | می خرامد | بخرام | خرامنده | خوش خرام | خرامیده |
| خروشیدن | شور کرنا | خروش شور | خروشانیدن شور کرانا | خروشید | می خروشد | بخروش | خروشنده | خروشان | خروشیده |
| خریدن | مول لینا | خرید مول | | خرید | می خرد | بخر | خرنده | ارزان خر خریدار | خریده |
| خزیدن | گھسنا | | | خزید | می خزد | بخز | خزنده | خزان | خزیده |
| خستن | زخمی ہونا زخمی کرنا | خستگی زخمی ہونا | | خست | | | | | خسته |
| خفتن | سونا | خفت سونا نیند | خسپانیدن سلانا | خفت | می خسپد | بخسپ | خسپنده | | خفته |



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | ظرف تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خلیدن | چبھنا | خلش چبھن | خلانیدن چبھونا | خلید | می خلد | | خلنده | | خلیده |
| خموشیدن | چپ رہنا | خاموشی چپ | خموشانیدن چپ کرنا | خموشید | می خموشد | بخموش | خموشنده | خاموش | خموشیده |
| خمیدن | ٹیڑھا ہونا | | خمانیدن ٹیڑھا کرنا | خمید | می خمد | بخم | خمنده | | خمیده |
| خنبیدن | تالی بجانا | | | خنبید | می خنبد | بخنب | خنبنده | | خنبیده |
| خندیدن | ہنسنا | خنده ہنسی | خندانیدن ہنسوانا | خندید | می خندد | بخند | خندنده | خندان | خندیده |
| خوابیدن | سونا | خواب نیند | خوابانیدن سلانا | خوابید | می خوابد | بخواب | خوابنده | | خوابیده |
| خواستن | چاہنا | خواہش چاہ | | خواست | میخواہد | بخواه | خواہنده | خیرخواه خواہاں | خواسته |
| خواندن | پڑھنا بلانا | | | خواند | میخواند | بخوان | خواننده | قرآن خوان خواناں | خوانده |
| خوردن | کھانا | خورش خوراک | خورانیدن کھلانا | خورد | میخورد | بخور | خورنده | خونخوار غمخوار | خورده |
| خوشیدن | سوکھنا | | | خوشید | می خوشد | بخوش | خوشنده | | خوشیده |
| خیسیدن | تر ہونا | | خیسانیدن تر کرنا | خیسید | می خیسد | بخیس | | | خیسیده |

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | مصدر متعدی | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | باب دال مهمله | | | | | | |
| دادن | دینا | داد دہش انعام | دہانیدن دلانا | داد | می دہد | بدہ | دہندہ | نان دہ | دادہ |
| داشتن | رکھنا | داشت رکھ رکھاؤ | | داشت | میدارد | بدار | دارندہ | مالدار | داشتہ |
| دانستن | جاننا | دانش دانائی جاننا | | دانست | میداند | بدان | دانندہ | حسابدان دانا | دانستہ |
| درخشیدن | چمکنا | درخش چمک | درخشانیدن چمکانا | درخشید | می درخشد | بدرخش | درخشندہ | درخشان | درخشیدہ |
| درفشیدن | کانپنا چمکنا | | | درفشید | می درفشد | بدرفش | درفشندہ | | درفشیدہ |
| درودن | کاٹنا | درود | | درود | می درود | بدرو | دروندہ | | درودہ |
| دریدن | پھاڑنا | | درانیدن پھڑوانا | درید | می درد | بدر | درندہ | مردم در | دریدہ |
| دزدیدن | چرانا | دزدی چوری | | دزدید | می دزدد | بدزد | دزدندہ | آب دزد | دزدیدہ |
| دمیدن | اگنا طلوع کرنا پھونکنا | دم پھونک | دمانیدن دم کرانا | دمید | می دمد | بدم | دمندہ | دمان | دمیدہ |
| دوختن | سینا | دوخت سلائی | دوزانیدن سلانا | دوخت | می دوزد | بدوز | دوزندہ | خیمہ دوز | دوختہ |



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | مصدر متعدی | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوشیدن | دوہنا | | دوشانیدن | دوشید | می دوشد | بدوش | دوشندہ | | دوشیدہ |
| دویدن | دوڑنا | | دوانیدن | دوید | می دود | بدو | دوندہ | تیزدو دوان | دویدہ |
| دیدن | دیکھنا | دید بینش دیکھ بھال دیکھنا | | دید | می بیند | ببین | بینندہ | بینا خوش بین | دیدہ |
| | | | باب رائے مهمله | | | | | | |
| راندن | ہانکنا چلانا | | | راند | می راند | بران | رانندہ | حکمران | راندہ |
| ربودن | لے جانا اچک لینا | ربودگی اچک | | ربود | می رباید | بربا | ربایندہ | دلربا | ربودہ |
| رخشیدن | چمکنا | | رخشانیدن چمکانا | رخشید | می رخشد | برخش | رخشندہ | رخشان | رخشیدہ |
| رزیدن | رنگنا | | | رزید | می رزد | برز | رزندہ | رنگرز | رزیدہ |
| رستن | چھوٹنا | رستگاری چھٹکارا | | رست | | | | رستگار | رستہ |
| رُستن | اگنا | | | رُست | | | | | رُستہ |
| رسیدن | پہونچنا | رسائی پہنچ | رسانیدن پہنچانا | رسید | می رسد | برس | رسندہ | رسا فریادرس | رسیدہ |

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | مصدر متعدی | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل | اسم حالیہ | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِشتن | کاتنا | | | رِشت | | | | | رِشته |
| رَفتن | جانا چلنا | رفتش رفتار چال چلن | | رفت | می رود | برو | رونده | روان گرم رو | رفته |
| رُفتن | بہارنا جھاڑو دینا | رفت و روب بہار جھاڑ | رُبانیدن جھاڑو دلوانا بہار دانا | رُفت | می روبد | بروب | روبنده | روبان خاکروب | رُفته |
| رقصیدن | ناچنا | رقص ناچ | رقصانیدن نچانا | رقصید | می رقصد | برقص | رقصنده | رقصان | رقصیده |
| رَمیدن | بھاگنا | رَم بھاگ | رمانیدن بھگانا | رمید | می رمد | برم | رمنده | رمان | رمیده |
| رنجیدن | آزرده ہونا | رنجش | رنجانیدن آزرده کرنا | رنجید | می رنجد | برنج | رنجنده | زود رنج رنجان | رنجیده |
| روئیدن | اوگنا | | رویانیدن اوگانا | روئید | می روید | | روینده | خودرو | روئیده |
| رہیدن | چھوٹنا | رہائی چھٹکارا | رہانیدن چھڑانا نجات دلانا | رہید | می رہد | برہ | رہنده | رہا | رہیده |
| ریختن | چھڑکنا بہنا | ریزش بہاؤ | | ریخت | می ریزد | بریز | ریزنده | عرق ریز | ریخته |
| ریدن | ہگنا | | | رید | می رید | بری | | | ریده |
| ریسیدن | کاتنا | | | ریسید | می ریسد | بریس | ریسنده | | ریسیده |



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | مصدر متعدی | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل | اسم حالیہ | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **باب زائے معجمہ** | | | | | | | | | |
| زادن | جننا | | | زاد | | | | | زاده آدم زاده |
| زائیدن | جننا | زائیدگی جننا | | زائید | میزاید | بزای | زاینده | حادثه زای | زائیده |
| زاریدن | رونا | زاری رولائی | | زارید | میزارد | | | زار | زاریده |
| زدن | مارنا | زد زنش مار پیٹ | | زد | میزند | بزن | زننده | شمشیرزن کف زنان | زده |
| زدودن | صیقل کرنا | زدایش صیقل | | زدود | می زداید | بزدای | زداینده | غم زدای | زدوده |
| زیستن | جینا | | | زیست | می زید | بزی | زنده | | زیسته |
| **باب زائے فارسی** | | | | | | | | | |
| ژولیدن | الجھنا | | | ژولید | | | | | ژولیده |
| **باب سین مہملہ** | | | | | | | | | |
| ساختن | بنانا موافق کرنا | سازش ساخت بناوٹ موافقت | | ساخت | می سازد | بساز | سازنده | زره ساز | ساخته |

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سائیدن | پیسنا | | | سائید | می ساید | بسای | سائنده | سرسا | سائیده |
| سپردن | سونپنا | سپارش سونپنا | | سپرد | می سپارد | بسپار | سپارنده | جان سپار | سپرده |
| سپوختن | چبھونا نکالنا | | | سپوخت | | | | | سپوخته |
| سپوزیدن | چبھونا نکالنا | | | سپوزید | می سپوزد | بسپوز | سپوزنده | | سپوزیده |
| ستاندن | لینا | | | ستاند | می ستاند | بستان | ستاننده | کشورستان | ستانده |
| ستائیدن | سراہنا | ستایش تعریف | | ستائید | می ستاید | بستای | ستاینده | خودستا | ستائیده |
| ستدن | لینا | ستد لینا | | ستد | | | | | ستده |
| ستردن | مونڈنا منڈوانا | | | سترد | می سترد | | سترنده | | سترده |
| ستودن | تعریف کرنا | | | ستود | | | | | ستوده |
| ستیزیدن | لڑنا | ستیزه لڑائی | ستیزانیدن لڑانا | ستیزید | می ستیزد | بستیز | ستیزنده | ستیزان | ستیزیده |
| سرائیدن | گانا | | | سرائید | می سراید | بسرای | سراینده | نغمه سرا | سرائیده |

سرسا - سر کی طرح پیسنے والا ۱۲ جان سپار - جان سپرد کرنے والا ۱۲ کشورستان - ملک لینے والا ۱۲ خودستا - اپنے کو سراہنے والا ۱۲ نغمہ سرا - نغمہ گانے والا ۱۲



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرشتن | گوندھنا | سرشت گوندھائی | | سرشت | | | | | سرشته |
| سزیدن | لائق ہونا | سزا لیاقت | | سزید | می سزد | | سزنده | سزاوار | سزیده |
| سفتن | بینڈھنا پرونا | | | سفت | | | | | سفته |
| سگالیدن | اندیشہ کرنا | سگالش فکر واندیشہ | | سگالید | می سگالد | بسگال | سگالنده | خیرسگال | سگالیده |
| سنجیدن | تولنا | | سنجانیدن تولوانا | سنجید | می سنجد | بسنج | سنجنده | گہرسنج | سنجیده |
| سوختن | جلنا جلانا روشن کرنا | سوخت جلن سوزش | سوزانیدن جلوانا روشن کروانا | سوخت | می سوزد | بسوز | سوزنده | سوزان دلسوز | سوخته |
| سودن | گھسنا پیسنا | | | سود | | | | | سوده |
| **باب شین معجمه** | | | | | | | | | |
| شاشیدن | پیشاب کرنا | | | شاشید | می شاشد | | شاشنده | | شاشیده |
| شایستن | لائق ہونا | | | شایست | می شاید | | | شایان | شایسته |
| شپلیدن | سیٹی بجانا | | شپلانیدن سیٹی بجوانا | شپلید | می شپلد | | شپلنده | | شپلیده |

خیرسگال - بھلائی سوچنے والا ۱۲ گہرسنج - موتی تولنے والا ۱۲ دلسوز - دل جلانے والا ۱۲

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شتافتن | دوڑنا | شتاب دوڑ | | شتافت | می شتابد | بشتاب | شتابنده | شتابان | شتابیده |
| شُدن | جانا ہونا | | | شُد | می شود | بشو | شونده | | شده |
| شُستن | دھونا | | شستشو دھلائی | شُست | می شوید | بشوے | شوینده | پارچه شو | شُسته |
| شکستن | توڑنا ٹوٹنا | شکن شکست | | شکست | می شکند | بشکن | شکننده | بُت شکن | شکسته |
| شکیبیدن | صبر کرنا | شکیبائی صبر | | شکیبید | می شکیبد | بشکیب | شکیبنده | شکیبا | شکیبیده |
| شکوخیدن | ٹھوکر کھانا | شکوخ ٹھوکر | | شکوخید ٹھوکر کھلانا | می شکوخد | بشکوخ | شکوخنده | | شکوخیده |
| شکافتن | پھٹنا چیرنا | شکاف چیر پھاڑ | | شکافت | می شکافد | بشکاف | شکافنده | خارا شکاف | شکافته |
| شگفتن | کھلنا | شگفت کھلنا | | شگفت | می شگفد | | | | شگفته شکوفه |
| شمردن | گننا | شمار گنتی | | شمرد | می شمارد | بشمار | شمارنده | اختر شمار | شمرده |
| شناختن | پہچاننا | شناخت شناسائی جان پہچان | | شناخت | می شناسد | بشناس | شناسنده | حق شناس شناسا | شناخته |
| شنفتن | سننا | | | شنفت | | | | | شنفته |



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شنودن | سننا | شنود سنائی | | شنود | | | | | شنوده |
| شنیدن | سننا سونگھنا | شنوائی سننا | | شنید | می شنود | بشنو | شنونده | شنوا سخن شنوا | شنیده |
| شوریدن | شور کرنا برہم ہونا | شورش شور | شورانیدن | شورید | می شورد | | | سلحشور | شوریده |
| **باب طائے مطبقه** | | | | | | | | | |
| طپیدن | بیقرار ہونا | بیقراری | طپانیدن بیقرار کرنا | طپید | می طپد | بطپ | طپنده | طپان | طپیده |
| طرازیدن | نقش کرنا | طراز نقش | | طرازید | می طرازد | بطراز | طرازنده | صوت طراز | طرازیده |
| طلبیدن | بلانا چاہنا | طلب بلاوا چاہ | | طلبید | می طلبد | بطلب | طلبنده | طلبگار | طلبیده |
| **باب غین معجمه** | | | | | | | | | |
| غارتیدن | لوٹنا | غارت لوٹ | | غارتید | | | | | غارتیده |
| غلطیدن | لوٹنا لیٹنا | غلطانیدن لوٹانا لٹانا | | غلطید | می غلطد | بغلط | غلطنده | غلطان | غلطیده |
| غنودن | اونگھنا | غنودگی اونگھ | | غنود | | | | | غنوده |

| مصدر | معنی مصدر | حاصل بالمصدر | متعدی | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل ترکیبی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | **باب فا** | | | | | |
| فتادن | گر پڑنا | | | فتاد | می فتد | | | | فتاده |
| فرستادن | بھیجنا | | | فرستاد | می فرستد | بفرست | فرستنده | | فرستاده |
| فرسودن | گھسنا | فرسودگی گھسنا | | فرسود | می فرساید | بفرسای | فرساینده | جان فرسای | فرسوده |
| فرمودن | فرمانا | فرمایش فرمان | | فرمود | می فرماید | بفرمای | فرماینده | کارفرما | فرموده |
| فروختن | بیچنا | فروخت فروش بکری | فروشانیدن بیچوانا | فروخت | می فروشد | بفروش | فروشنده | حلوه فروش | فروخته |
| فریفتن | فریب کھانا فریب دینا | فریب دھوکا | | فریفت | می فریبد | بفریب | فریبنده | ابله فریب | فریفته |
| فزودن | زیاده کرنا زیاده ہونا | فزایش زیادتی | | فزود | می فزاید | بفزای | فزاینده | راحت فزا | فزوده |
| فسردن | ٹھٹھرنا | | | فسرد | | | | | فسرده |
| فشاندن | جھاڑنا | | | فشاند | می فشاند | بفشان | فشاننده | دُر فشان | فشانده |
| فشردن | نچوڑنا کرکٹونا | فشار نچوڑ | فشرانیدن | فشرد | می فشرد | بفشر | فشارنده | جگر فشار | فشرده |

جھاڑنے والا ۱۲ جگر فشار۔ کلیجہ کو نچوڑنے والا ۱۲



| مصدر | معنی مصدر | حاصل بالمصدر | متعدی | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل ترکیبی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فگندن | ڈالنا | | | فگند | می فگند | بفگن | فگننده | سایه فگن | فگنده |
| فهمیدن | سمجھنا | فهم سمجھ | فهمانیدن سمجھانا | فهمید | می فهمد | بفهم | فهمنده | سخن فهم | فهمیده |
| | | | | **باب کاف تازی** | | | | | |
| کاستن | گھٹنا گھٹانا | | | کاست | | | | | کاسته |
| کاشتن | بونا | | | کاشت | می کارد | بکار | کارنده | تخم کار | کاشته |
| کافتن | کھودنا | | | کافت | می کافد | بکاف | | | کافته |
| کاویدن | کھودنا | کاوش کھدائی کھود | | کاوید | می کاود | بکاو | کاونده | | کاویده |
| کاهیدن | گھٹنا گھٹانا | کاهش | | کاهید | می کاهد | بکاه | کاهنده | جانکاه | کاهیده |
| کردن | کرنا | کار کردار کام کرتوت | کنانیدن کروانا | کرد | می کند | بکن | کننده | نصیحت کن گریه کنان | کرده |
| کشادن | کھلنا کھولنا | کشایش کھولنا | | کشاد | می کشاید | بکشا | کشاینده | مشکل کشا | کشاده |
| کشتن | مار ڈالنا | کشته مار ڈالنا | | کشت | میکشد | بکش | کشنده | دشمن کش | کشته |

مشکل کشا۔ مشکل کو دور کرنے والا ۱۲ دشمن کش۔ دشمن کو مارنے والا ۱۲

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طرف تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کِشتن | بونا | کِشت | | کِشت | | | | | کِشتہ |
| کشودن | کھُلنا کھولنا | کشود | | کشود | | | | | کشودہ |
| کشیدن | کھینچنا | کشش کھچاؤ | | کشید | می کشد | بکش | کشندہ | گردن کش کشاں دامن کش | کشیدہ |
| کفیدن | پھٹنا | | | کفید | | | | | کفیدہ |
| کندن | کھودنا | | | کند | می کَند | بکَن | کنندہ | چاہ کن | کندہ |
| کندیدن | کھودنا | | کندانیدن کھُدوانا | کندید | می کندد | بکند | | | کندیدہ |
| کوشیدن | کوشش کرنا | | | کوشید | می کوشد | | کوشندہ | سخت کوش | کوشیدہ |
| کوفتن | کوٹنا | کوفت کوٹ | کوبانیدن کوٹوانا | کوفت | می کوبد | بکوب | کوبندہ | کوباں زرکوب | کوفتہ |
| | | | | باب کاف فارسی | | | | | |
| گداختن | پگھلنا پگھلانا | گداز پگھلاؤ | | گداخت | می گدازد | بگداز | گدازندہ | جگر گداز | گداختہ |
| گذاشتن | چھوڑنا | فروگذاشت چھوڑ چھاڑ معافی | | گذاشت | می گذارد | بگذار | گذارندہ | | گذاشتہ |

[illegible]



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طرف تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گذشتن | گزرنا | | گذرانیدن گزارنا | گذشت | می گذرد | بگذر | گذرندہ | جان گداز | گذشتہ |
| گرائیدن | خواہش کرنا | گرایش خواہش | | گرائید | می گراید | بگرای | گرایندہ | | گرائیدہ |
| گردیدن | پھرنا ہونا | گردش پھیر | گردانیدن پھیرنا | گردید | می گردد | بگرد | گردندہ | کوچہ گرد گرداں | گردیدہ |
| گرفتن | پکڑ لینا فرض کرنا | گرفت گیرائی پکڑ | | گرفت | می گیرد | بگیر | گیرندہ | دامنگیر | گرفتار گرفتہ |
| گرویدن | رغبت کرنا | گرویدگی رغبت | | گروید | می گرد | بگرد | گروندہ | | گرویدہ |
| گریختن | بھاگنا | گریز بھاگنا | | گریخت | می گریزد | بگریز | گریزندہ | گریزاں | گریختہ |
| گریستن | رونا | گریہ رُلائی | | گریست | می گرید | بگری | گریندہ | گریاں | گریستہ |
| گزاردن | ادا کرنا | گزارش | | گزارد | می گزارد | بگزار | گزارندہ | نماز گزار | گزاردہ |
| گزیدن | کاٹے کھانا | گزیدگی | | گزید | میگزد میگزاید | بگز بگزائے | گزندہ | مردم گزا لب گزاں | گزیدہ |
| گُزیدن | چُن لینا | | | گزید | میگزیند | بگزیں | گزینندہ | خلوت گزیں | گزیدہ گزیں |
| گساردن | چھوڑنا کھانا | | | گسارد | می گسارد | بگسار | گسارندہ | غمگسار | گساردہ |

جان گذشتہ۔ جان سے گزرنے والا ۱۲ کوچہ گرد۔ گلی گلی پھرنے والا ۱۲ دامنگیر۔ دامن پکڑنے والا ۱۲ نماز گزار۔ نماز ادا کرنے والا ۱۲

[illegible]

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گستردن | بچھانا | | گسترانیدن بچھوانا | گسترد | می گسترد | بگستر | گسترنده | گرم گستر | گسترده |
| گسستن | ٹوٹنا تار ٹوٹنا | | | گسست | | | | | گسستہ |
| گسیختن | توڑنا ٹوٹنا | | | گسیخت | می گسلد | بگسل | گسلنده | پیمان گسل | گسیختہ |
| گشتن | پھرنا ہونا | گشتگی پھیر گشت | | گشت | | | | | گشتہ |
| گفتن | کہنا | گویائی گفتار بات چیت گفتگو | | گفت | میگوید | بگو | گوینده | گویا، دعا گو | گفتہ |
| گماشتن | مقرر کرنا | | | گماشت | می گمارد | بگمار | گمارنده | | گماشتہ |
| گنجیدن | سمانا | گنجایش | | گنجید | می گنجد | بگنج | گنجنده | | گنجیده |
| گواریدن | ہضم ہونا | گوارش ہاضمہ | | گوارید | می گوارد | بگوار | گوارنده | گوارا | گواریده |
| | | | باب لام | | | | | | |
| لائیدن | شور کرنا بیہوده بکنا | | | لائید | می لاید | بلای | لاینده | | لائیده |
| لافیدن | فضول بکنا | لاف بکواس | لاف | لافید | می لافد | بلاف | لافنده | | لافیده |



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیہ | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل قیاسی | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لرزیدن | کانپنا | لرزش کپکپاہٹ | لرزانیدن کپکپانا، ہلانا | لرزید | می لرزد | بلرز | لرزنده | لرزان | لرزیده |
| لغزیدن | پھسلنا | لغزش پھسلن | لغزانیدن پھسلانا | لغزید | می لغزد | بلغز | لغزنده | لغزان | لغزیده |
| لیسیدن | چاٹنا | | لیسانیدن چٹانا | لیسید | می لیسد | بلیس | لیسنده | کاسہ لیس | لیسیده |
| | | | باب میم | | | | | | |
| مالیدن | ملنا | مالش ملنا | | مالید | می مالد | بمال | مالنده | عدو مال، مالان | مالیده مالان |
| ماندن | رہنے دینا | ماندگی رہن سہن | | ماند | می ماند | بمان | مانده | شادمان | مانده |
| مانستن | مشابہ ہونا | مانائی | | مانست | می ماند | بمان | مانده | مانا | مانستہ |
| مُردن | مرنا | | | مُرد | می میرد | بمیر | میرنده | | مُرده |
| مکیدن | چوسنا | | مکانیدن چوسانا | مکید | می مکد | بمک | مکنده | | مکیده |
| | | | باب نون | | | | | | |
| نازیدن | ناز کرنا | نازش | | نازید | می نازد | بناز | نازنده | نازان | نازیده |

| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیه | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نالیدن | شور کرنا | نالش نالہ | | نالید | می نالد | بنال | نالنده | نالان | نالیده |
| نامیدن | نام رکھنا | | | نامید | می نامد | | نامنده | | نامیده |
| نبشتن | لکھنا | | | نبشت | | | | | نبشته |
| نشستن | بیٹھنا | | نشانیدن بیٹھانا | نشست | می نشیند | بنشین | نشیننده | خاک نشین | نشسته |
| نکوهیدن | ملامت کرنا بدی کرنا | نکوهش ملامت | | نکوهید | می نکوهد | | نکوهنده | | نکوهیده |
| نگاشتن | لکھنا | نگارش لکھاوٹ | | نگاشت | می نگارد | بنگار | نگارنده | صورت نگار | نگاشته |
| نگریستن | دیکھنا | نگرانی دیکھ بھال | | نگریست | می نگرد | بنگر | نگرنده | نگران | نگریسته |
| نمودن | دیکھنا دکھانا کرنا | نمایش دکھلاوا | | نمود | می نماید | بنمای | نماینده | نمودار نمایان رہنما | نموده |
| نواختن | نوازنا بجانا | نوازش نوازنا | | نواخت | می نوازد | بنواز | نوازنده | بنده نواز | نواخته |
| نوردیدن | لپیٹنا | نورد لپیٹ | | نوردید | می نوردد | بنورد | نوردنده | ره نورد | نوردیده |
| نوشتن | لپیٹنا | | | نوشت | | | | | نوشته |

خاک نشین زمین پر بیٹھنے والا ۱۲ صورت نگار تصویر بنانے والا ۱۲ رہنما راستہ دکھانے والا ۱۲ بندہ نواز غلام کو نوازنے والا ۱۲ رہ نورد راستہ لپیٹنے والا ۱۲



| مصدر | معنی مصدر | حاصل مصدر | طریق تعدیه | ماضی مطلق | حال | امر | اسم فاعل | اسم فاعل سماعی | اسم مفعول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نوشتن | لکھنا | نوشت لکھائی | نویسانیدن لکھانا | نوشت | می نویسد | بنویس | نویسنده | نویسا خوشنویس | نوشته |
| نوشیدن | پینا | نوش پینا | نوشانیدن پلانا | نوشید | می نوشد | بنوش | نوشنده | مے نوش | نوشیده |
| نهادن | رکھنا | | | نهاد | می نهد | بنه | نهنده | منت نه | نهاده |
| نهفتن | چھپانا چھپنا | | | نهفت | | | | | نهفته |
| نیوشیدن | سننا | | | نیوشید | می نیوشد | | | | نیوشیده |
| | | | | باب واو | | | | | |
| واخیدن | ڈھکنا | | | واخید | می واخد | | واخنده | | واخیده |
| ورزیدن | اختیار کرنا مشق کرنا | ورزش اختیار مشق | | ورزید | می ورزد | بورز | ورزنده | ورزان | ورزیده |
| ورغلانیدن | بہکانا | | | ورغلانید | می ورغلاند | | ورغلاننده | | ورغلانیده |
| وزیدن | ہوا چلنا | | | وزید | می وزد | بوز | وزنده | وزان | وزیده |

خوشنویس۔ اچھا لکھنے والا ۱۲ مے نوش۔ شراب پینے والا ۱۲ منت نہ۔ احسان رکھنے والا ۱۲

| اسم مفعول | اسم فاعل سماعی | اسم فاعل قیاسی | امر | حال | ماضی مطلق | طریق تعدیہ | حاصل مصدر | معنی مصدر | مصدر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | باب ہائے ہوز | | | | | |
| ہراسیدہ | ہراسان | ہراسندہ | بہراس | می ہراسد | ہراسید | ہراسانیدن ڈرانا | ہراس ڈر | ڈرنا | ہراسیدن |
| ہشتہ | | | | * | ہشت | | | چھوڑنا | ہشتن |
| ہلیدہ | | ہلندہ | بہل | می ہلد | ہلید | | | چھوڑنا | ہلیدن |
| | | | | باب یائے تحتانی | | | | | |
| یارستہ | | | | می یارد | یارست | | یارائی سکت | سکنا | یارستن |
| یافتہ | کامیاب | یابندہ | بیاب | می یابد | یافت | | | پانا | یافتن |

ہمارے یہاں عربی فارسی کی تمام درسی کتابیں حمائلیں پنجسورے دیگر دینی و مذہبی کتابوں کے علاوہ ہر قسم کے قرآن پاک مترجم و معریٰ وغیرہ مناسب قیمتوں پر ہدیہ کیا جاتا ہے بازار سے سستا اور عمدہ

آپ اپنی ہر کتابی ضرورت کے لئے ہماری خدمات حاصل کیجئے!

خورشید بکڈپو ۲۲۵۶ احاطہ حجن بی روڈ گران دہلی ۶